لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ ؍ صفر سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۴ ؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ اہلکاران سررشتہ بخشیگری	۱
۲	اضافہ محرران ارباب نشاط	۲
۳	اضافہ اسسٹنٹ سرجن	۳
۴	رخصت واصل باقی نویس تحصیل شاہ آباد	"
۵	تقرر وحید علی	"
۶	اضافہ نائب کوتوال	"
۷	برخاستگی محمد شاہ خان سب انسپکٹر	"
۸	تقرر چند کانسٹبل بعہدہ سب انسپکٹری	"
۹	تقرر سید حسن علی بعہدہ ہیڈ کانسٹبل	"
۱۰	موقوفی مختاران	"
۱۱	رخصت محرر جوڈیشل حضور تحصیل	"
۱۲	رخصت محمد حسین خان	"
۱۳	رخصت مہتمم کار سرکاری محبت اللہ صاحب	"
۱۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۸ ؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج - اہلکاران مندرجہ تحت کا اضافہ منظور فرمایا گیا۔
لال بہادر نائب بخشی ۳؍ - سید زین العابدین ہیڈ کلرک ۲؍ - احمد رضا خان ناظر ۵؍
تحویلدار ۵؍ - اضافہ ۵؍ - مشاہرہ دار محبت رضا ۲؍ - مشاہرہ دار وسیع جان ۲؍

۸ ؍ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ مستاجر وزیر خان صاحب - اشخاص مندرجہ تحت کا اضافہ منظور فرمایا گیا۔
حسین بخش محرر ارباب نشاط ۲؍ - جگ نرائن محرر نقارخانہ ۲؍ - رحمت حسین بیگ انسپکٹر ۵؍ - نند کشور محرر سازخانہ ۵؍

اضافہ

۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر - ڈاکٹر مہابیر پرشاد سب اسسٹنٹ سرجن کی تنخواہ موجودہ تعدادی ساٹھ روپیہ میں یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء سے بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد - بوجہ علالت جمنی لال واصلباقی نویس تحصیل مذکور کی رخصت ایکماہ بعوض کامتاپرشاد بذمہ داری سیاہہ نویس من ابتدا یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء منظور کی گئی -

اضافہ

۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم - واحد علی کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبل درجہ اول زائد از ٹوٹل منظور ہوا -

۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - مرزا احمد علی سب انسپکٹر انچارج کوتوالی کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا -

تقرر

۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم - محبوب شاہ خان سب انسپکٹر پولیس برخاست کئے گئے -

۲۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

بمنظوری اجلاس ہمایون بندگانِ عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم - عبد الصمد ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بائیس روپیہ ماہوار باضافہ آٹھ روپیہ امتحاناً چھ ماہ کے واسطے بجائے محبوب شاہ خان برخاست شدہ سب انسپکٹر مقرر کئے گئے -

تقرر

۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم - سید حسن علی کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبل زائد از ٹوٹل منظور ہوا - تنخواہ نامبردہ کے والد کو جو ملتی تھی وہی ملیگی

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب درخواست مسماۃ نگین بیگم مع تصدیق رجسٹرار صاحب - سید آل محمود وشوکت علیخان وعبد الغنی خان مختاران نگین بیگم کی موقوفی کی اطلاع درج گزٹ کیجاتی ہے

رخصت

۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل - پندرہ دن کی مزید رخصت محرر جوڈیشل حضور تحصیل کی بوجہ کمزوری بذمہ داری منشی جوگلکشور محرر سرسری منظور کی گئی -

۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے مفتی صاحب دیوانی مزید رخصت دو ہفتہ مظہر حسین خان کی منظور ہوئی - کام کا انتظام بدستور حسب رائے مفتی صاحب رہیگا -

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

سید امداد علی پیشکار ماموره نزد مولوی شجاعت اللہ صاحب کی رخصت اٹھائیس یوم بوجہ علالت منظور کی گئی -

---

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ تعداد خط	صدر عالیہ افزون	تحصیل بلاسپور تعداد خط	تحصیل بلاسپور افزون	تحصیل سوار تعداد خط	تحصیل سوار افزون	تحصیل شاہ آباد تعداد خط	تحصیل شاہ آباد افزون	تحصیل ملک تعداد خط	تحصیل ملک افزون	تحصیل ٹانڈہ تعداد خط	تحصیل ٹانڈہ افزون
۹ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم یکشنبہ	۰	۵۲۴	۰	۹۴۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۴۳۲	۰	۲۶۰	۰	۵۳۳
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم دوشنبہ	۰	۵۴۴	۰	۹۴۵	۰	//	۰	۴۳۲	۰	۲۶۰	۰	۵۳۳
۱۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم سہ شنبہ	۰	۵۴۴	۰	۹۴۵	۰	//	۰	۴۳۲	۰	۲۷۰	۰	۵۳۳
۱۲ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم چہارشنبہ	۰	۵۲۴	۰	۹۴۵	۰	//	۰	۴۳۲	۰	۲۷۰	۰	۵۳۳
۱۳ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم پنجشنبہ	۰	۵۲۴	۰	۹۴۵	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۴ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم جمعہ	۰	۵۲۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//
۱۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء یوم شنبہ	۰	۵۲۴	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۶ اکتوبر ۱۹۲۱ء

نام جنس	خاص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۳۰/۱۰		۳۰/۱۰	۴/۱		۳/۱	
نخود خالص	۴/۱		۳۰/۱۰	۴/۱		۳۰/۱	
نخود کستہ آمیز	۴/۱		۴۰/۱	۴۰/۱		۳/۱	
کستہ	۴/۱		۴۰/۱	۳۰/۱		۵/۱	
ماش	۳۰/۱		۵/۱	۴/۱		۳/۱	
مونگ	۳/۱		۲۰/۱	۴۰/۱		۳/۱	
مکا	۱۰/۱		۸/۱	۲۰/۱		۸۰/۱	
جئی	۰	۰	۰	۸/۱		۸/۱	
جو	۵/۱		۰	۵/۱		۵۰/۱	
عدس	۳۰/۱		۵/۱	۵/۱		۰	
ارہر	۵/۱		۵/۱	۵/۱		۰	
برنج	۴/۱		۵/۱	۳۰/۱		۵/۱	
روغن زرد	[illegible]		۰/۱	۱۰		[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		۱/۱	۱۲/۱		۵/۱	
روغن تلی	۱۱/۱		۱/۱	۴/۱		۲/۱	
نمک سانبھر	۱۳/۱		۲۰/۱	۱۰/۱		۴۰/۱	
نمک لاہوری	۶/۱		۶/۱	۵/۱		۵/۱	
قند سیاہ			۲/۱	۳/۱		۱/۴/۱	
باجرہ							